# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

**شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ**

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

## پریس ریلیز

### چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن کا سیکٹر 5J کا دورہ

### فائف جے کی 15 گلیوں میں پیور بلاک کی تنصیب کا آغاز ۔چیئرمین محمد یوسف کے سخت سوالات اور میئر کراچی پرتنقید

### 600 گلیوں میں پیور بلاک لگانے کے جامع پروگرام پر تیزی سے عمل جاری ہے، چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

### مرتضیٰ وہاب صاحب کے پاس 80ارب روپے جمع ہو چکے ہیں، مگر کراچی ان اربوں روپے کے باوجود بدحال ہے! چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

مورخہ:28/نومبر 2025

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر 5J نیو کراچی کا دورہ کیا اور فائف جے کے مختلف بلاکس میں پیور بلاک کی تنصیب کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر یوسی 5 کے چیئرمین راجہ عطا الرحمن، وائس چیئرمین توقیر خان، کونسلرز اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔چیئرمین محمد یوسف نے بتایا کہ نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے 600 گلیوں میں پیور بلاک لگانے کے جامع پروگرام پر تیزی سے عمل جاری ہے،جس کے تحت آج فائف جے میں بھی باضابطہ طور پر کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ٹاؤن کی 400 سے زائد گلیوں میں پیور بلاک کی تنصیب مکمل یا جاری ہے، جبکہ فائف جے میں بیک وقت 15 گلیوں میں کام ہو رہا ہے۔انہوں نے علاقے کے دیرینہ مسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ فائف جے اور اطراف میں سڑکوں وگلیوں کی تباہ حالی کے ساتھ ساتھ واٹر اینڈ سیوریج کا نظام انتہائی خراب تھا۔"لاڑکانہ بیکری سے طوبیٰ مسجد تک سیوریج کا بدترین مسئلہ تھا، پانی کی سپلائی چلتے ہی پوری سڑک زیرِ آب آجاتی تھی۔ہم نے فوری اقدامات کرتے ہوئے نہ صرف منچنگ کی بلکہ اس مسئلے کو مکمل حل کیا۔ چیئرمین محمد یوسف نے مزید بتایا کہ بن قاسم اسٹیڈیم سے سندھی ہوٹل تک 24 انچ کی نئی لائن بچھائی گئی ہے جس سے 5J اور 5G کے پانی کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہو گیا ہے یہ کام بنیادی طور پر واٹر اینڈ سیوریج بورڈ اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ذمے تھا، مگر عوامی تکالیف کو دیکھتے ہوئے ہم نے اپنے ٹاؤن فنڈز سے یہ کام کرایا۔ان شاء اللہ فائف جے میں پانی اور سیوریج کے مسائل نمایاں طور پر کم ہو جائیں گے۔دورے کے دوران چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی کارکردگی پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے کہا"مرتضیٰ وہاب صاحب کو شکایت رہتی ہے کہ نیو کراچی کا چیئرمین کبھی لاہور، کبھی حیدرآباد اور کبھی لاڑکانہ میں ہوتا ہے۔میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ میں یہاں رہوں یا نہ رہوں، نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام ایک لمحے کے لیے بھی نہیں رکتے۔سڑکیں، پیور بلاکس، پارکس، پانی اور سیوریج سمیت متعدد منصوبے روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں۔انہوں نے میئر کراچی پر تنقید کرتے ہوئے کہا"مرتضیٰ وہاب صاحب آپ کے پاس 55 ارب روپے موجود ہیں، پھر بھی آپ نے کوئی بڑا منصوبہ شروع نہیں کیا۔کراچی کی سڑکوں اور ٹرانسپورٹ کا بنیادی مسئلہ آپ حل کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں۔آپ کے حصے کے کام ٹاؤنز کو کرنا پڑ رہے ہیں۔چیئرمین نے مزید کہا کہ آپ صرف پریس کانفرنس کرتے ہیں اور جماعت اسلامی کے نمائندوں پر تنقید کرتے ہیں۔آپ کو جماعت فوبیا ہو گیا ہے۔عوام جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی کے نمائندے میدان میں موجود ہیں اور عملی کام کر رہے ہیں۔انہوں نے میئر کراچی سے براہ راست سوال کیا کہ آپ نے کون سی سڑک بہتر کی؟ 7000 روڈ آپ ہی کی حدود میں آتی ہے، اسے کب ٹھیک کریں گے؟ سندھ حکومت نے آپ کو مزید 25 ارب روپے دیے ہیں، یعنی اب آپ کے پاس 80 ارب روپے جمع ہو چکے ہیں، مگر کراچی ان اربوں روپے کے باوجود بدحال ہے۔آخر میں انہوں نے سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کے عوام اب خاموش نہیں رہیں گے۔انہیں سڑکیں، صفائی، پانی اور سیوریج کا بہتر نظام چاہیے۔آپ کو ڈیلیور کرنا ہوگا، صرف دعووں اور پریس کانفرنسوں سے شہر نہیں چلتا۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن